SALCO
South Asian Legal Clinic of Ontario



# طلاق

### طلاق کیا ہے؟

طلاق ایک قانونی عدالتی عمل ہے جو قانونی شادی کو ختم کرتا ہے۔

آپ اپنے شریک حیات یا ہمسر سے علیحدہ ہو سکتے ہیں اور طلاق حاصل کرنے کا فیصلہ کرسکتے ہیں، یا آپ علیحدہ ہو سکتے ہیں اور کبھی بھی طلاق نہیں حاصل کرسکتے۔ علیحدگی کے لئے عدلیہ کا کوئی طریقہ نہیں ہے۔

اگر آپ دوبارہ شادی کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو طلاق کی ضرورت ہوگی۔ غیر شادی شدہ جوڑے کو طلاق نہیں مل سکتی۔

### طلاق کا اہل کون ہے؟

طلاق کے اہل ہونے کے لیے ضروری ہے کہ کینیڈا میں یا دنیا کے کسی اور حصے میں قانونی طور پر آپ کی شادی ہوئی ہو۔ اگر آپ نے کسی دوسرے ملک میں شادی کی ہے، تو یہ کینیڈا میں بھی قانونی طور پر درست ہونا چاہیے۔

آپ کو یہ بھی دکھانا ہوگا کہ شادی ٹوٹ گئی ہے۔ قانونی طور پر، یہ تین طریقوں میں سے کسی ایک طریقے سے ہو سکتا ہے:

1. جوڑے کو علیحدہ ہوئے کم از کم ایک سال ہوا ہے؛ یا
2. دونوں شریک حیات میں سےکسی ایک نے، دوسرے ساتھی کے ساتھ جسمانی یا ذہنی طور پر تشدد کیا ہے؛ یا
3. کسی بھی شریک حیات نے زنا (اپنے شریک حیات کے علاوہ کسی اور کے ساتھ جنسی تعلق) کیا ہے

*اگر ظلم یا زنا ہو تو آپ کو طلاق دینے سے پہلے ایک سال انتظار کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

### علیحدگی یا طلاق لیتے وقت جن چیزوں پر غور کرنا چاہیے :

- علیحدگی کی صحیح تاریخ کیا ہے (یہ اس پر اثر ڈالے گا کہ آپ جلد ہی طلاق حاصل کر سکتے ہیں، آپ کو نفقہ کی ادائیگی کب مل سکتی ہے اور آپ اپنی جائیداد کو کیسے تقسیم کرتے ہیں)
- گھر میں کون رہے گا
- بچے کہاں رہیں گے اور ان کی دیکھ بھال کون کرے گا
- بچوں کے لیے فیصلے کون کرے گا
- کون سا شریک حیات دوسرے کو بچوں کا نفقہ (چائلڈ سپورٹ) اور زوجین کا نفقہ ادا کرے گا
- جائیداد کی تقسیم کیسے کی جائے گی

SALCO
South Asian Legal Clinic of Ontario

بہتر ہے کہ طلاق لینے سے پہلے ان مسائل کو حل کرنے کی کوشش کی جائے۔ **اگر ایسے دیگر مسائل ہیں جن پر اتفاق نہیں ہوا ہے، تو ہو سکتا ہے کہ جج طلاق نہ دے ۔**

ان مسائل پر میاں بیوی دونوں کے درمیان نجی طور پر یا وکیلوں کے ذریعے بات چیت کی جا سکتی ہے۔ اگر دونوں میاں بیوی ان مسائل پر متفق نہیں ہیں، تو انہیں عدالتی عمل سے گزرنا پڑے گا اور پھر ایک جج حکم دے گا۔

**طلاق لینے کا طریقہ**

طلاق کے لیے درخواست دینے سے پہلے صوبے کی کسی عدالت میں ،جہاں میاں بیوی میں سے کوئی ایک کم از کم ایک سال سے رہ رہا ہو، درخواست جمع کروانے کی ضرورت ہے

اونٹاریو میں، آپ کو فارم 8 پُر کرنے کی ضرورت ہوگی: درخواست (جنرل) اگر آپ طلاق کا دعویٰ کر رہی/رہے ہیں اور آپ کو دیگر مسائل جیسےبچوں کا نفقہ( چائلڈ سپورٹ)، زوجین کا نفقہ (اسپائوزل سپورٹ)، جائیداد کی تقسیم، فیصلہ سازی کی ذمہ داری، اور و والدین کے طور پر بچوں کی پرورش کا وقت (پیرنٹنگ ٹائم ) حل کرنے کی ضرورت ہے۔

اگر آپ صرف طلاق کے خواہاں ہیں یا اگر آپ اور آپ کا ساتھی طلاق لینے اور دیگر تمام مسائل پر متفق ہیں، تو آپ کو فارم 8A درخواست (طلاق) کو پُر کرنا ہوگا۔ فارم میں دو آپشنس ہیں

- سادہ طلاق–اس صورت میں جہاں ایک فریق طلاق کا خواہاں ہے اور وہ عدالت کے کسی دوسرے حکم کا خواہاں نہیں ہے، جیسے بچوں کا نفقہ (چائلڈ سپورٹ)یا زوجین کا نفقہ (اسپائوزل سپورٹ)۔
- مشترکہ – جہاں دونوں فریق مشترکہ طور پر طلاق اور دیگر عدالتی احکامات کی درخواست کر رہے ہیں، کیونکہ وہ تمام مسائل پر متفق ہیں، جیسے کہ بچوں کا نفقہ (چائلڈ سپورٹ)، زوجین کا نفقہ (اسپائوزل سپورٹ)، وغیرہ۔ عدالت کی جانب سے طلاق دینے کے 31 دن بعد طلاق نافذ ہو جاتی ہے۔ اس کے بعد سابق میاں بیوی طلاق کے سرٹیفکیٹ کی درخواست کر سکتے ہیں جس میں طلاق اور اس کے نافذ ہونے کی تاریخ کی تصدیق ہوتی ہے۔

**کیا کوئی جوڑا الگ ہونے کے بعد دوبارہ ایک ساتھ رہ سکتا ہے؟**

اگر جوڑے مصالحت کی کوشش کرنا چاہتے ہیں، تو وہ علیحدگی کی مدت کے دوران دوبارہ ایک ساتھ رہ سکتے ہیں۔ اگر وہ علیحدگی برقرار رکھنا چاہتے ہیں تو وہ زیادہ سے زیادہ 90 دن تک اکٹھے رہ سکتے ہیں۔ اگر وہ 90 دن سے زیاد ہ رہ لیتے ہیں، تو انہیں دوبارہ علیحدگی کی مدت شروع کرنی ہوگی۔

ایک جوڑے کے لیے ایک ساتھ رہتے ہوئے بھی الگ سمجھے جانا ممکن ہے ۔ مثال کے طور پر، وہ الگ الگ بستروں پر سو رہے ہوں یا ایک ہی گھر کے الگ الگ منزل پر رہ رہے ہوں ، وہ الگ کھانا کھا رہے ہوں ، ان کے مالی معاملات الگ ہو ں، وغیرہ۔